اچھا انسان بہترین
مسلمان اور محقق ڈاکٹر
بننے کے لیے ناگزیر
سلسلہ کتب

کلینکل پریکٹس

ہومیو پیتھی

VOL. 6

ڈاکٹر آر۔اے۔امتیاز

ڈاکٹر امتیاز ویلفیئر میڈیکل سنٹر
۲۵۹۔ حسان بلاک نشتر کالونی فیروز پور روڈ لاہور
فون : ۵۸۱۳۷۳۲

اچھا انسان، بہترین مسلمان اور محقق ڈاکٹر بننے کیلئے ناگزیر سلسلہ ء کتب

کلینکل پریکٹس

سحر ہومیو پیتھی

VOL - 6

ڈاکٹر آر۔ اے۔ امتیاز

ڈاکٹر امتیاز ویلفیئر میڈیکل سنٹر 259 حسان بلاک نشتر کالونی لاہور

فون : 5813732

نظام تنفس کے امراض

(Diseases Of The Respiratory System)

ذہنی امراض

(Mental Diseases)

بخار

(Fever)

بالوں اور ناخنوں کے امراض

(Diseases Of Hair and Nails)

سر، کان، ناک اور آنکھوں کے امراض

(Diseases Of Head Ear Nose And Eyes)

منہ اور دانت کے امراض

(Diseases Of Mouth And Teeth)

زبان اور گلے کے امراض

(Diseases Of Tongue And Throat)

نظام ہاضمہ کے امراض

(Diseases Of The Digestive System)

امراض قلب

(Heart Diseases)

امراض گردہ و مثانہ

(Diseases Of Bladder And Kidney)

جلدی امراض

(Diseases Of The Skin)

عام امراض

(General Ailments)

خوف

درد

(Pain And Aches)

حادثات

(Accidents)

بچوں کے امراض

(Diseases of Children)

زنانہ امراض

(Diseases Of Women)

حمل کے دوران مختلف تکالیف

(Diseases of Pregnancy)

مردانہ امراض

(Diseases Of Men)

بڑھاپے کے امراض

(Aliments of Old age)

حرف اول

معزز قارئین!

سحر ہومیوپیتھی کا چھٹا حصہ آپ کے ہاتھوں میں ہے۔اس سے پہلے ڈیزیز اینڈ میڈیسن اول دوم اور اسلام اور صحت اول دوم، پانچواں حصہ تحقیقی مضامین (1) کے نام سے مارکیٹ میں آچکے ہیں۔اب یہ چھٹا والیم کلنیکل پریکٹس کے عنوان سے حاضر خدمت ہے۔

اس کتاب کو مرتب کرنے میں بہت سی اچھی اچھی کتب سے استفادہ کیا گیا ہے۔خاص کر اس میں والدِ محترم مرحوم کا ایک قلمی مسودہ بھی شامل ہے۔جو ان کی کتاب کا رف عمل تھا۔اصل مسودہ ایک ہندو جوگی پنڈت گیان ناتھ انڈیا لے گیا پھر واپس نہ کر سکا۔سننے میں آیا ہے اس نے وہ مسودہ انڈیا میں کسی اور مصنف کے نام سے شائع کروادیا تھا۔

اس کتاب میں صرف روزمرہ کی چند دوائیں شامل کی گئی ہیں۔اور ہر دوا کی ایک مخصوص حتمی علامت کو مدِ نظر رکھا گیا ہے۔سنگل ریمیڈی کے شوقین حضرات کے لیے یہ کتاب ایک نعمت ہے۔اور امید کی جاتی ہے کہ یہ کتاب بھی پہلی

پانچ کتابوں کی طرح ایک اچھا ریکارڈ قائم کرے گی۔

کہنے کی بات یہ ہے کہ ہم اس پلیٹ فارم سے کیا کیا کرنا چاہتے ہیں۔ پلیٹ فارم کا نام قرآنک میڈیکل فاؤنڈیشن رکھا گیا ہے اس میں انسانی جسم اور معاشرہ کو ایک ہی چیز قرار دیا گیا اور قرآن انکی ایک رہبر کتاب ہے جو ان دونوں کو بڑے عمدہ انداز سے متوازن اور صحت مند رکھتی ہے۔ صحت مند ہونا تو سب جانتے ہیں۔ متوازن کی تشریح دوسری کتابوں میں کر دی گئی ہے۔

مختصر یہ سمجھ لیں کہ انسانی جسم کا متوازن ہونا صحت ہے اور معاشرہ کا متوازن ہونا امن اور خوشحالی ہے، تھوڑی سی اس کی تشریح کیئے دیتا ہوں کہ کائنات چار چیزوں سے مرکب ہے پانی، مٹی، آگ اور ہوا۔ یہی اربعہ عناصر انسانی جسم میں بھی پائے جاتے ہیں جیسے کہ عضلات، غدود، اعصاب اور ہڈی وغیرہ۔ اللہ تعالی کی چار صفات اول، آخر، ظاہر اور باطن میں بھی ان عناصر کے اثرات ملتے ہیں۔ نماز میں چار حرکات قیام۔ رکوع۔ سجدہ اور التحیات کا تعلق بھی انہیں عناصر اور صفات سے بنتا ہے۔ دنیوی لحاظ سے دیکھیں تو علم۔ صحت۔ عزت و وقار یا حکومت اور دولت کا تعلق بھی انہیں عناصر اور صفات سے بنتا ہے۔ مثلاً نماز میں قیام اگر علم لاتا ہے تو اس کا تعلق غدود سے ہے۔ جن کا مزاج آگ یعنی گرم ہے۔ اسی طرح رکوع کا تعلق حسن و صحت سے بنتا ہے اور اعصاب کو متحرک کرتا ہے۔ جن کا مزاج پانی کا یعنی سرد تر ہے۔ اگر اسلامی نقطہ نگاہ سے دیکھا جائے تو اس کا تعلق روزہ سے بھی بنتا ہے یا آپ یہ کہہ سکتے ہیں کہ روزہ سے صحت ملتی ہے۔ پھر سجدہ ہے اس کا تعلق عضلات سے بنتا ہے عضلات ہوا ہے بلندی کو جاتی ہے۔ سجدہ سے بلندی وجاہ و حشمت اور حکمرانی ملتی ہے۔ پھر التحیات ہے ہڈی سے

تعلق ہوتا ہے ہڈی کا مٹی سے اور مٹی کا دولت سے ایک خاص تعلق ہے۔ خزانے بھی مٹی سے ملتے ہیں چاہے معدنیات کی شکل میں ہوں یا سونے چاندی کی کرنسی کی شکل میں۔

اب پھر دیکھتے ہیں کہ کائنات میں پانی مٹی آگ ہوا ہے انسانی جسم میں بالترتیب اعصاب، ہڈی، غدود اور عضلات ہیں۔ ان سے انسانی جسم تشکیل پاتا ہے۔ پھر غدود (نماز) اعصاب (روزہ) عضلات (زکوۃ) ہڈی (حج) سے جہاں انسانی جسم تشکیل پاتا ہے وہاں ان سے دین اسلام تشکیل پاتا ہے جس میں کلمہ طیبہ کے اقرار کے بعد چار چیزیں فرض ہو جاتی ہیں یعنی نماز روزہ، زکوۃ اور حج۔ اب دیکھتے ہیں کہ علم (قیام) حسن وصحت (رکوع) حکمرانی وعظمت (سجدہ) پریکٹس دولت (التحیات) سے ایک مکمل انسان تشکیل پاتا ہے جس کے پاس ضرورت کی ہر چیز میسر ہو تو ساتھ ہی ایک مکمل نماز تشکیل پاتی ہے اب ہم کہہ سکتے ہیں اس کائنات میں جہاں پانی، مٹی، آگ اور ہوا ہیں وہاں انسانی وجود بھی ہے اگر یہ چیزیں متوازن ہونگی تو نماز، روزہ، حج، زکوۃ کا نظام ہوگا یعنی دین اسلام ہوگا پھر علم، صحت، عزت اور دولت کے لئے قیام، رکوع، سجدہ اور التحیات کی ضرورت ہوگی تو نماز تشکیل پائے گی۔ اب اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ انسانی جسم اور انسانی معاشرہ اور دین اسلام ایک ہی شئے ہیں یہی بات ہومیو پیتھی بھی بیان کرتی ہے۔

ہومیو میٹریا میڈیکا ان تمام چیزوں پر روشنی ڈالتا ہے اور ان کو کھول کھول کر بیان کرتا ہے۔ جو کچھ انسانی جسم میں ہے وہ میٹریا میڈیکا میں بھی ہے اگر یہ بات ایسے ہے تو ہم کہہ سکتے ہیں کہ ہومیو پیتھی اور انسانی معاشرہ بھی ایک ہی شئے ہیں۔ ہومیو پیتھی

کے ذریعے معاشرہ کو کیسے متوازن کیا جائے یہ قرآنک میڈیکل فاؤنڈیشن بتائے گی اور کررہی ہے۔ انشاء اللہ وہ معاشرہ تشکیل پائے گا جو مدینہ منورہ میں نبی اکرم ﷺ نے قائم کیا تھا اور اس فاؤنڈیشن کا مقصد بھی یہی ہے کہ امت واپس اپنے کام پر آئے جس نہج پر نبی اکرم ﷺ امت کو چھوڑ کر دنیا سے پردہ فرما گئے۔ اس نہج پر واپس امت کو لایا جائے اس کیلئے تن من دھن یعنی جان ومال اور وقت کی ضرورت ہے یہ کام شروع ہو چکا ہے حلقہ بندی بن چکی ہے۔ لوگ دنیا اور آخرت کی فلاح کیلئے اپنا جان، مال اور وقت لگا رہے ہیں۔

یہ جو پہلی کتابوں میں ہم نے لکھا تھا کہ انشاء اللہ مستقبل قریب میں پاکستان کے ریڈیو اور ٹی وی اسٹیشنوں سے تلاوت قرآنِ کریم نشر ہوا کرے گی جہاں آج بیہودہ گانے سننے کو ملتے ہیں وہاں سے اللہ اور رسولِ اکرم ﷺ کا کلام نشر ہوا کرے گا اب یہ کام اللہ نے جس جس سے لینا ہے وہ ہمارے ساتھ ملتا جائے گا۔

قدرت کا ایک نظام ہے ایک ترتیب ہے کہ کام کیا نہیں جاتا بلکہ لیا جاتا ہے۔ اور قدرت ہمیشہ ایسے لوگوں سے کام لیتی ہے جن کے بارے میں لوگوں کو وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

قدرت ہمیشہ بے سہارا اور بے یارومددگار لوگوں سے کام لے کر دکھاتی ہے تاریخ شاہد ہے کہ ایسے ہی ہوتا آیا ہے۔ اب آپ لوگوں سے اس قافلے میں شرکت کی اپیل کی جاتی ہے کہ آپ بھی اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے کام کیلئے آپ کو منتخب کرلے۔

ایک امریکن انگریز مسلمان ہو کر یہاں آیا کہنے لگا مسلمانوں دین کا کام کرلو ورنہ

یہ کام تو ہوگا آپ نے نہ کیا تو اللہ تعالیٰ مجھ جیسے کافر کو مسلمان کر کے یہ کام لے لیں گے جس کی مثال میں آپ کے سامنے ہوں اور آپ لوگ دیکھتے رہ جائیں گے۔

اب اس کام کو ہم نے شروع کر دیا ہے جس میں معاشرت بھی ہے معیشت بھی۔ عزت بھی ہے شہرت بھی۔ دولت بھی ہے اور صحت بھی کیا آپ بھی اس مہم میں شامل ہونا پسند فرمائیں گے۔

خیر اندیش

ڈاکٹر آر۔اے۔امتیاز

259 حسان بلاک نشتر کالونی

فیروزپور روڈ، لاہور۔فون 5813732

نظام تنفس کے امراض

Diseases of Respiratory System

سردی اور زکام

(Cold and Catarrh)

علامات	ادویات اور طاقت
☆ جب مرض ٹھنڈی، خشک ہوا لگ کر لاحق ہوا ہو۔ سردی محسوس ہو۔ سر درد آنکھوں سے پانی۔ چھینکیں بار بار آئیں خشک کھانسی۔ بے چینی اور خوف کھلی ہوا اچھی لگے۔	ایکونائٹ 30 دن میں تین بار کھلائیں۔
☆ سردی کی وجہ سے لگاتار چھینکیں آئیں گرم کمرے میں تکلیف بڑھے۔ ناک سے بہت زیادہ جلن دار مواد خارج ہو سر درد، کھانسی، آواز بیٹھی ہوئی آنکھیں سوجی ہوئی اور آنسو جو جلن پیدا نہ کریں کھلی اور ٹھنڈی جگہ طبیعت بہتر محسوس ہو۔	ایلم سیپا 30 دن میں چار بار کھلائیں
☆ ناک سے زخم کر دینے والا، پانی آنکھ اور ناک میں جلن، بے چینی، تھوڑی تھوڑی دیر بعد تھوڑا تھوڑا پانی پینے کی	آرسینک ایلبم 30 دن میں پانچ مرتبہ

خواہش-کمزوری، بخار اور سردرد-تمام علامات گرمی سے اور گرم اشیاء کے استعمال سے کم ہوں-

کھلائیں

☆ بہنے والا زکام 'آنکھوں سے ہر وقت خراش کرنے والا پانی بہے بے چینی-مریض کا جسم ٹھنڈا مگر چہرہ گرم-سردی لگے-گرم کمرے میں اور شام کو تکلیف بڑھے-

یوفریشیا 30 دن میں چار مرتبہ دیں

☆ چھینکوں کے ساتھ ناک بہنا-پیشانی سرخ اور درد آمیز آنکھوں سے پانی آنا-

سباڈلا 30 دن میں چار مرتبہ دیں

☆ جلن دار مواد اتنا خارج ہو کہ اوپر کے ہونٹ بھی زخمی ہو جائیں ناک مواد سے پر ہونے کی وجہ سے مریض کو سانس منہ سے لینا پڑے-

اورم ٹری فائیلم 30 دن میں چار مرتبہ دیں.

☆ گلے میں اور سر میں درد-چہرہ تمتمایا ہوا نیند غائب کھانسی بخار تیز مگر پاؤں ٹھنڈے ہوں-

بیلاڈونا 30 دن میں چار مرتبہ کھلائیں

☆ کمر میں سردی محسوس ہو 'سر پر کھچاؤ اور بھاری پن چھینکیں 'نزلہ گرنا 'ناک سے بہت تیز خراش دار مواد خارج ہو جو نتھنوں کو سرخ کرے اور نتھنے دکھنے لگیں جسم میں سستی 'ذرا ٹھنڈک بھی محسوس ہو تو ناک کا بھاری پن ہلکا ہو جائے-موسم کی تبدیلی سے ہونے والے زکام خاص کر انفلوئنزا کی خاص دوا ہے-

جیلسی میم 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ چھینکیں و نزلہ، آواز بیٹھی ہوئی سینے میں درد پٹھوں

یوپے ٹوریم پرف

اور ہڈیوں میں شدید درد- کھانسی رات کو بڑھے- 30دن میں چار بار

☆ جب ناک سے گاڑھا زردیا سبز چپچپا تاردار بلغم نکلے- کالی بائیکروم 30 دن میں تین مرتبہ

☆ سبز، زرد مواد، منہ کاذائقہ کڑواہو، پیاس نہ لگے- پلسٹیلا 30 دن میں چار بار

☆ ناک سے زرد گاڑھا مواد خارج ہو- ناک کے پچھلے حصہ سے بلغم اندر گلے میں گرے، قبض ہو، پیٹ اور سینہ کے درمیان خالی پن کا احساس اور اندر کی جانب کھچاؤ- ہائیڈراسٹس 3 X دن میں چار مرتبہ دیں

☆ چڑچڑاپن- تیز سر درد کے ساتھ نزلہ زکام حرکت سے تکلیف بڑھے ناک کافی حساس ہو مریض ایک دم چپ چاپ پڑا رہے- برائی اونیا 30 دن میں چار مرتبہ دیں

☆ گاڑھے بلغم کے ساتھ زکام- ناک کے زخم، ناک کی ہڈیوں میں سوجن- سیلان سبز رنگ کا، سر درد، رات کو پسینہ آئے- پیاس لگے ہاتھ پاؤں درد کریں گرمی اور سردی دونوں سے تکلیف بڑھے- مرک سول 30 دن میں چار مرتبہ

☆ مریض کو اکثر زکام کی شکایت برقرار رہتی ہے، ناک سے مسلسل پانی بہے، پیاس تیز لگے، ساتھ قبض ہو، سورج نکلنے پر تکلیف شدت اختیار کرے- نیٹرم میور 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ اکثر سردی کا زکام رہے مرض صبح بڑھے غسل کرنے کو سلفر 200 ہفتہ

جی نہ چاہے۔ — میں دو مرتبہ دیں

☆ مریض موٹا، غسل کرنے اور سردی سے تکلیف بڑھے۔ — کیلکیریا کارب 1M ہفتہ میں ایک مرتبہ دیں۔

☆ جب مریض کو بار بار زکام ہوتا ہو اور سردی لگتی ہو علامات ٹی بی سے ملتی ہوں۔ — ٹیوبر کولینم 200 ہفتہ میں ایک بار چھ ماہ تک کھلائیں۔

☆ جب سینے میں سردی کی وجہ سے بلغم کھڑ کھڑ کرتا ہو ذرا سی سردی سے تکلیف بڑھے۔ — ہیپر سلف 30 دن میں تین مرتبہ

کھانسی

(Cough)

☆ جب بلغم پتلا ہو زبان صاف ہو مریض چلتے وقت ہانپے۔ — اپی کاک 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ جب سینے میں بلغم بھرا ہوا لیکن مشکل سے نکلے' زبان صاف ہو۔ — اینٹی مونیم ٹارٹ 30 دن میں چار بار

☆ جب کھانسی میں بلغم آرام سے نکلے ساتھ انجانے میں پیشاب بھی نکل جائے صبح کے وقت کھانسی زیادہ ہوتی ہو۔ — سکوئیلا 30 دن میں چار بار دیں۔

☆ سونے کے لئے لیٹنے پر کھانسی شروع ہو جائے یا تھوڑی — اریلیا ریسی موسا

دیر سونے کے بعد ہو۔

30 دن میں چار بار

☆ جب کھانسی کے ساتھ موٹی رسی جیسا بلغم نکلے۔

کوکس کیکٹائی 30 دن میں چار بار

☆ جب ٹھنڈی ہوا میں سانس لینے سے مرض بڑھے، گرمی سے منہ اور سر ڈھانپنے سے تکلیف کم ہو۔

ریومیکس 30 دن میں چار مرتبہ

☆ ٹھنڈا پانی پینے کی شدید خواہش ہو گرم جگہ سے ٹھنڈی جگہ جانے سے تکلیف مرض بڑھے کھانسی کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ ہو۔

فاسفورس 30 دن میں تین مرتبہ

☆ جب حلق میں سوجن ہو گلے میں جلن ہو کھانسنے سے چہرہ سرخ ہو جائے۔

بیلاڈونا 30 دن میں چھ بار دیں۔

☆ جب حلق کے دائیں طرف سوجن کی وجہ سے خشک کھانسی ہو۔

سینگوی نیریا 30 دن میں تین مرتبہ

☆ جب حلق کی سوجن کے ساتھ گلے سے سفید بلغم نکلے۔

کالی میور 6× دن میں چار بار

☆ جب ذہنی تناؤ کی وجہ سے کھانسی ہو دھوئیں سے کھانسی بڑھے جتنا کھانسو کھانسی اتنی زیادہ بڑھے۔

اگنیشیا 200 دن میں چار بار صرف ایک دن کے لئے

☆ گلا بیٹھنے کے ساتھ کھانسی جس سے پیشاب نکل جائے ٹھنڈا پانی پینے سے آرام آئے۔ مرطوب موسم میں طبیعت

کاسٹی کم 30 دن میں تین بار

بہتر محسوس کرے۔

☆ جب دن کو کھانسی بلغم آمیز اور رات کو خشک ہو۔
نکس وامیکا 30
دن میں تین مرتبہ

☆ جب زرد بدبودار میٹھا بلغم نکلے سینہ میں خالی پن اور کمزوری محسوس ہو۔
سٹےنم میٹ 30
دن میں چار بار

☆ رات کو بستر پر لیٹنے کے بعد سانس کی نالی میں کیڑے رینگنے کا احساس اور مسلسل چھینکیں آئیں۔
کیپسی کم 30 دن
میں تین مرتبہ

☆ بندوق کی گولی کی طرح تیز کھانسی
کورے لیئم 30
دن میں چار مرتبہ

☆ کھانسنے سے سینہ میں درد دبانے سے آرام آئے پیاس زیادہ لگے۔حرکت سے اضافہ ہونٹ اور زبان خشک ہوں۔
برائی اونیا 30
دن میں چار بار

☆ جب ہونٹ اور زبان خشک نہ ہوں۔
یوپے ٹوریم پرف
30 دن میں چار بار

☆ کھانسی خشک یا کھڑکھڑاہٹ کے ساتھ ٹھنڈی اشیاء کھانے سے بڑھے، گرم سے آرام آئے، مریض ذہنی طور پر مشتعل رہے۔
ہیپر سلف 30
دن میں چار بار

☆ جب منہ اور ناک سے لیسدار گاڑھا تار کھنچے، سفید بلغم آئے۔
کالی بائیک 30
دن میں چار مرتبہ

☆ جب کھانسی شام کے چار بجے سے آٹھ بجے کے دوران
لائیکوپوڈیم 30

زیادہ ہو۔ | دن میں چار بار دیں

☆ تیز کھانسی، ایسا محسوس ہو جیسے سر اور سینہ پھٹ جائیں گے رات کو کھانسی بستر کی گرمی سے بڑھے۔ | مرک سول 30 دن میں چار بار

☆ جب گلے اور ناک سے سبز، زرد بلغم آئے۔ | کالی آئیوڈائیڈ 30 دن میں چار بار

☆ جب کھانسی سے سیٹی جیسی آواز آئے۔ | اسپونجیا 30 دن میں چار بار

☆ سونے کے بعد کھانسی گلے اور سینے پر کپڑا تک اچھا نہ لگے کسی بھی جسمانی اخراج کے بعد طبیعت بہتر ہو۔ | لیکسس 30 دن میں تین بار دیں

برانکائیٹس (ہوا کی نالی میں سوزش)

(Bronchitis)

(مرض کا پہلا مرحلہ)

☆ تندرست اور خوش و خرم افراد میں اچانک خشک سردی لگنے سے بے چینی کے ساتھ تیز بخار اور خوف۔ | ایکونائٹ 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ کمزور افراد میں جب تیز بخار ہو۔ | فیرم فاس × 6 دن میں چار بار چار

علامات	گولیاں
☆ آنکھیں سرخ، چہرہ سرخ، تیز بخار بے ہوشی کی سی حالت۔	بیلاڈونا30 دن میں چار بار دیں
☆ پیاس زیادہ، تیز بخار، منہ خشک، کھانسی آنے پر سینہ اور سر میں درد گویا سر پھٹ جائے گا، حرکت سے تکلیف بڑھتی ہے مریض آرام چاہتا ہے۔	برائی اونیا30 دن میں چار بار کھلائیں
☆ بخار تیز۔ پسینہ بکثرت منہ رال سے تر، بدبو، زبان پر دانتوں کے نشان اور زبان موٹی۔	مرک سول30 دن میں چار بار
☆ موسم بدلتے وقت تکلیف بنے خاص کر ایسا موسم جب دن کو گرمی اور رات کو سردی ہو۔	ڈلکامارا30 دن میں چار خوراکیں دیں

(نوٹ)

اگر مذکورہ ادویات میں سے کوئی بھی کارگر ثابت نہ ہو تو سلفر 200 کی ایک خوراک دے کر انتظار کریں۔ علامات واضح ہو جائیں گی جن لوگوں کو یہ مرض بار بار ہوتا ہے انھیں ٹیوبر کولینم IM کی ایک خوراک مہینہ میں ایک مرتبہ دیں چند ماہ تک دیتے رہیں یہاں تک کہ مکمل آرام

آجائے۔

(مرض کا دوسرا مرحلہ)

☆ جب ذرا سی سردی سے بھی مرض بڑھتا ہو۔یہاں تک کہ ہاتھ بھی ننگے ہو جائیں تو تکلیف بڑھے۔سینہ میں کھڑ کھڑاہٹ ناک سے پانی رک رک کر آئے۔ — ہیپر سلف 30 دن میں تین مرتبہ

☆ شام کے وقت اور بائیں کروٹ لیٹنے سے مرض بڑھے مریض کراہتا ہے اور بات بھی نہیں کر سکتا گلے میں درد۔ — فاسفورس 30 دن میں چار بار

☆ بلغم نرم، کھانسی آنے پر نہ نکلے، زبان سفید۔سینے میں کھڑ کھڑاہٹ۔ — اینٹی مونیم ٹارٹ 30 دن میں تین بار کھلائیں

☆ جب مذکورہ ادویات میں سے کوئی بھی فائدہ نہ کرے سانس اور جسم ٹھنڈا رہتا ہو، مریض تازہ ہوا یا پنکھا چلوانا پسند کرے۔ — کاربو ویج 30 دن میں چار بار دیں

(مرض کا تیسرا مرحلہ)

☆ بلغم پوری طرح خارج نہ ہو پیاس اور ذائقہ بھی واپس نہ آیا ہو جو کہ ختم ہو چکے تھے اور ٹھنڈی ہوا کی خواہش ہو۔ — پلسٹیلا 30 دن میں چار بار

☆ ایسے میں بایوکیمک دوا ہے۔ — کالی سلف ×6 دن میں چار بار دیں

الرجک برانکائیٹس

(Allergic Bronchitis)

جب کسی شخص کو کسی خاص خوردنی شے سے یا ماحول سے الرجی ہو اور برانکائٹس کی علامات پیدا ہو جائیں تو اس کا علاج الرجک برانکائٹس کو مد نظر رکھ کر بھی کرنا چاہئے اکثر یہ بات بھی مشاہدہ میں آئی ہے کہ بچوں کو اینٹی بایوٹک ٹیکے لگوانے کے دس پندرہ دن بعد برانکائٹس کی شکایت ہو جاتی ہے۔

☆ اگر بی-سی-جی کا ٹیکہ دینے کے بعد یہ شکایت ہو۔

ڈورو سرا IM کی تین خوراکیں دیں دس دس منٹ بعد کھلائیں

☆ بائیوکیمک ادویات میں سے۔

نیٹرم میور 12×
نیٹرم سلف 12×
دونوں کی چار چار گولیاں دن میں تین بار دیں

☆ الرجی کی علامات کو مد نظر رکھتے ہوئے۔ | بیسی لینم IM ہر پندرہ دن بعد ایک خوراک کھلائیں

دمہ

(Asthma)

☆ اچانک تیز دمہ کا حملہ ہو۔ | ایکونائٹ Q

☆ مرض کے شروع میں جب بے چینی اور متلی ہو۔ | اپی کاک Q دس قطرے ایک گھنٹہ کے وقفہ سے پھر دن میں تین بار پلائیں

☆ وقت کے لحاظ سے رات کو بارہ بجے تکلیف بڑھے بے چینی اور پیاس بھی ہو۔ | آرسینک البم × 6 یا30 دن میں چار مرتبہ

☆ دمہ کے حملے کو کم کرنے کے لئے جب کہ شدید دم گھٹے۔سانس ٹھیک نہ لیا جا سکے۔ | بلاٹا Q سینگا Q گرنڈیلیا Q لورکیشیا سر قورا Q برابر مقدار میں

ملائیں اور ہر دو تین گھنٹہ بعد پلائیں

☆ متلی - کلیجے میں سکڑن - دم گھٹنا زبان صاف ہو۔

اپی کاک 6x ہر دو گھنٹے بعد

☆ سونے سے تکلیف بڑھے - بلغم نکلنے سے آرام - ادھیڑ عمر خواتین کو فراغت حیض کے بعد دمہ۔

لیکس 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ مریض چڑچڑا ہو - پیٹ خراب رہے، بار بار پاخانہ کی خواہش ہو سردی محسوس ہو۔

نکس وامیکا 30 دن میں چار بار

☆ تھوڑی دیر سونے کے بعد تکلیف بڑھے۔

اریلیا ریسی موسا Q دن میں تین بار

☆ بایوکیمک ادویات میں سے۔

میگنیشیا فاس 6x اور کالی فاس 6x ادل بدل کر تین گھنٹے بعد دیں

☆ اگر انگریزی ادویات مثلاً سٹیرائیڈز کے استعمال سے تکلیف بنی ہو۔

تھوجا IM کی ایک خوراک دیں

☆ جب سردی زیادہ لگتی ہو اور ٹھنڈی اشیاء نقصان کرتی ہوں مرطوب فضاء میں مریض ٹھیک رہے۔

ہیپر سلف 30 دن میں تین بار دیں

☆ جب بچوں کے پیٹ میں کیڑے ہوں یا پہلے رہ چکے ہوں۔

سائنا IM کی ہفتہ وار چند خوراکیں دیں

☆ مریض کمر کے بل پیٹ کمر ہاتھ پاؤں دور دور پھیلا کر آرام محسوس کرے۔

سورائنم IM کی چند خوراکیں ایک ماہ کے وقفہ سے دیں

☆ فونڈری میں کام کرنے والوں کی تکلیف میں۔

ایسڈ سلفیورک 30 دن میں چار بار

☆ جب مریض صرف کھڑا رہ کر سانس لے سکے۔

کینابس انڈیکا 200 دن میں ایک بار

☆ سوتی کپڑا بننے اور روئی دھننے والے مزدوروں میں۔

گوسپی ایم 30 دن میں چار بار

☆ پتھر توڑنے والے مزدوروں کے لئے۔

سلیشیا 30 دن میں چار بار

☆ پھلوں کی خوشبو سے دمہ کی شکایت ہو۔

ایلی انتھس 30 دن میں چار بار

☆ برسات اور مرطوب موسم میں مرض میں اضافہ۔

نیٹرم سلف 30 دن میں چار بار

☆ غصے کی وجہ سے مرض بڑھے۔

کیمومیلا 200

علامات	دوا
	حسب ضرورت دیں
☆ دن کے وقت مرض بڑھے اور گھٹنوں پر سر رکھنے سے افاقہ ہو اور سمندر کے کنارے بھی آرام آئے۔	میڈورینم 200 ہفتہ میں تین بار
☆ ملاحوں کا دمہ جو جہاز سمندر میں رہنے سے ٹھیک رہے اور کنارے آنے پر تکلیف بڑھے۔	برومیم 30 دن میں تین بار
☆ رات کے وقت مرض میں اضافہ۔	سفلینم 200 حسب ضرورت دیں
☆ ذہنی کشیدگی یا پریشانی سے اور سگریٹ کے دھوئیں سے مرض بڑھے۔	اگنیشیا 200 دن میں ایک بار
☆ ہاضمے کا عمل کمزور، ڈکار آئیں مگر پھر بھی تکلیف کم نہ ہو'	چائنا 30 دن میں چار بار
☆ تازہ ہوا اچھی لگے، جسم ٹھنڈا پڑنے لگے۔	کاربوویج 30 دن میں تین بار
☆ رفع حاجت سے مرض کم ہو دھول سے مرض بڑھے۔	پوتھس فوئی ٹیڈا 30 دن میں چار بار
☆ بچوں کو مہینہ میں ایک بار دورہ پڑے۔	بیسی لینم IM کی صرف ایک خوراک دیں

☆ بالغوں کو مہینے میں ایک مرتبہ تکلیف ہے۔

ٹیوبر کولائی نم کوچ

IM مہینہ میں ایک

باردیں

نمونیہ

(Pneumonia)

پھیپھڑوں کے ریشوں میں سوجن ہو جانے کو نمونیہ کہتے ہیں
دونوں پھیپھڑوں کے پردے کو پلورا (Pleura) کہتے ہیں
پلورا میں سوجن ہو اور پانی بھر جائے تو اسے پلورسی کہتے ہیں۔

برانکائٹس اور نمونیہ ایک ساتھ ہونے کو برانکو نمونیہ کہتے ہیں جبکہ پلورسی اور نمونیہ ایک ساتھ ہونے کو پلورو نمونیہ کہتے ہیں۔

علامات :-

ابتدائی طور پر سردی لگنے کی وجہ سے پھیپھڑوں میں سوجن ہوتی ہے اور سانس لینے میں تکلیف ہوتی ہے۔ تیز بخار، بے چینی پیاس وغیرہ کی علامات ہوتی ہیں۔

دوسرے مرحلے میں بلغم سارے پھیپھڑے میں پھیل جاتا

ہے۔اس حالت میں بلغم میں خون بھی آنے لگتا ہے اور پھیپھڑا سخت ہو جاتا ہے یہ کیفیت چار دن سے اٹھارہ دن تک رہ سکتی ہے۔

تیسرا مرحلہ۔ آرام ہونے کی جانب بڑھنے والی حالت میں رطوبات جذب ہونے لگتی ہیں اور پھیپھڑا دوبارہ کام کرنے لگتا ہے اگر رطوبات جذب نہ ہوں تو مریض مر بھی سکتا ہے۔

علامات	دوا
☆ ابتدائی حالت جب کپکپی تیز ہو تیز بخار۔ بے چینی۔ پیاس خوف خشک کھانسی۔	ایکونائٹ 30 ہر آدھ گھنٹہ بعد
☆ جب مرض رات بارہ بجے کے بعد بڑھے مریض ست ہو بے چینی محسوس کرے اور تھوڑا تھوڑا پانی تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پیئے۔	آرسینک ایلبم 30 ہر دو گھنٹے بعد
☆ تیز بخار۔ بے ہوشی۔ چہرہ سرخ ڈھکے ہوئے اعضاء پر پسینہ اور خون کا دماغ اور سینے میں جماؤ۔	بیلاڈونا 30 ہر دو گھنٹے بعد
☆ مریض چپ چاپ پڑا رہے حرکت سے تکلیف بڑھے سینے میں درد اور دباؤ محسوس ہو کھانسی آنے سے سینے اور پیشانی میں درد۔	برائی اونیا 30 دن میں چار بار
☆ سردی کی وجہ سے یا علاج ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے حالت خراب ہو، پاخانے اور پیشاب میں بدبو، مریض کھلی ہوا میں جانا چاہے۔	کاربو ویج 30 ہر آدھ گھنٹہ بعد دیں

☆ جب بلغم پیپ کی طرح ہو، سردی سے مرض بڑھے، مریض سرد فطرت کا ہو-	ہیپر سلف 30 دن میں تین بار
☆ پسینہ خوب آئے مگر آرام نہ ملے، مرض رات کو بڑھے-	مرک سول 30 دن میں چار بار
☆ خشک کھانسی- سینہ میں درد- خون ملی بلغم ٹھنڈا پانی پینے کی خواہش-	فاسفورس 30 حسب ضرورت
☆ جب مریض بستر میں بے چین رہے کروٹ بدلنے سے آرام محسوس کرے آخری حالت میں-	رس ٹاکس 30 ہر دو گھنٹے بعد
☆ سینے میں بلغم کھڑ کھڑائے مگر باہر نہ نکلے زبان سفید ہو-	انٹی مونیم ٹارٹ 200 حسب ضرورت
☆ آخری مرحلہ میں جب مریض ٹھنڈا پڑنے لگے ٹھنڈا پسینہ آئے-	وراٹرم ایلبم 30 پندرہ بیس منٹ کے وقفہ سے دیں-

سائنو سائی ٹس

(Sinusitis)

پیشانی، رخسار اور ناک کی ہڈیوں کے اندر کے حصے میں

سوجن اور بلغم جمع ہو جانے اور زکام بگڑ جانے پر اس جگہ بلغم یا میوکس (Mucus) جمع ہو جاتا ہے جس سے ان ہڈیوں میں درد ہوتا ہے اس کو سائی نوسائٹس کا درد کہتے ہیں۔ اس میں زکام اور سر درد کی علامات مشترک رہتی ہیں۔

☆ مریض سرد ہوا سے گھبرائے سر کو ڈھانپ کر رکھے ناک اور آنکھوں کے اوپر درد ہو۔	سلیشیاIM ہفتہ میں ایک بار کھلائیں
☆ جب سردی سے بلغم بڑھے۔	کالی بائیکرومم30 دن میں چار بار
☆ جب مرض دائیں جانب زیادہ ہو۔	سینگوئی نیریا 30 دن میں چار بار
☆ جب مرض بائیں جانب زیادہ ہو۔	سپائی جیلیا30 دن میں تین بار

انفلوئنزا

(Influenza)

☆ انفلوئنزا کی خاص دوا	انفلوزائینم
☆ جب مریض کو کافی سردی محسوس ہو اور کپکپی آتی ہو۔	نکس وامیکا30 ہر دو گھنٹہ بعد
☆ جسم درد کرتا ہو کھانسی زکام پیاس کا نہ ہونا مریض	جیلسی میم30

خاموشی سے لیٹنا چاہیے۔

ہر دو گھنٹہ بعد

☆ ہڈیوں اور پٹھوں میں درد بے چینی۔بخار۔

یوپے ٹوریم پرف
30 دن میں چار بار

☆ حرکت سے تکلیف بڑھے یہاں تک کہ کھانسی آنے پر بھی سر درد محسوس ہو۔

برائی اونیا30
دن میں تین بار

☆ جب پیاس کم ہو اور حرکت سے آرام محسوس ہو۔

رسٹاکس200
ایک خوراک
روزانہ

☆ بے چینی ہو تھوڑی پیاس لگے گرم مشروبات سے آرام آئے۔

آرسینک البم30
دن میں تین بار

☆ جب چہرہ سرخ ہو، تیز بخار دوران خون جسم کے اوپر کے حصے میں زیادہ محسوس ہو۔

بیلاڈونا30 دن میں
چار بار کھلائیں

کالی کھانسی

(Whooping Cough)

اعضائے تنفس اور ووکل کارڈ کی سوجن جس کے ساتھ آواز والی نالی میں اکڑن ہو ایسی صورت میں جو کھانسی ہوتی ہے اسے کالی کھانسی کہتے ہیں۔

شروع میں ہلکا سا بخار ہوتا ہے چھینکیں آتی ہیں زکام ہوتا ہے

آنکھوں سے پانی بہتا ہے اور کھانسی کے دورے پڑنے لگتے ہیں کھانستے کھانستے سانس رک جاتا ہے چہرہ سرخ یا پیلا ہو جاتا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے آنکھیں باہر نکل پڑیں گی۔ نسیں پھول جاتی ہیں تھوڑی مدت میں کھانسی مہلک صورت اختیار کر لیتی ہے۔ بچوں میں اکثر جان لیوا مرض ثابت ہوتی ہے۔

☆ مرض کی ابتدائی حالت میں جب کافی بے چینی ہو۔	ایکونائٹ 30 ہر دو گھنٹے بعد
☆ جب چہرہ سرخ ہو، سر درد ہو، جسم کے اوپر کے حصے میں خون کا دوران زیادہ ہو۔	بیلاڈونا 30 دن میں چار بار
☆ جب سردی لگنے کی وجہ سے کھانسی ہو، گلے میں مچھلی کا کانٹا پھنس جانے جیسا احساس ہو۔	ہیپر سلف 30 دن میں چار بار
☆ جب بلغم گاڑھا اور تار کی طرح ہو۔	کالی بائی کروم 30 دن میں چار بار
☆ نیند میں یا نیند کے بعد مرض بڑھتا ہو' گلے کے پاس کپڑا تک لانا برداشت نہ ہو۔	لیکسس 30 دن میں چار بار
☆ جب مریض کو ٹھنڈے پانی کی شدید خواہش ہو آواز بند ہو شام کے وقت تکلیف بڑھے۔	فاسفورس 30 دن میں تین بار
☆ جب گلے کے اندر آری چلنے جیسی آواز ہو اور کتا کھانسی	سپونجیا× 6

ہو-(Barking Cough)   دن میں تین مرتبہ

☆ جب خشک کھانسی صبح تین بجے زیادہ ہو کھانسی کی وجہ سے مریض اٹھ بیٹھے-   کالی کارب 30 دن میں تین بار

☆ جب کھانسی میں تشنج ہونے لگے اور ٹھنڈے پانی سے آرام آئے-   کیوپرم میٹ 30 دن میں تین بار

☆ کھانسی اتنی تیز ہو کہ سانس لینا مشکل ہو جائے-   ڈروسرا 30 صرف دو تین خوراکیں

☆ کھانستے وقت جسم اکڑ جائے کھانسی کے بعد گلے سے پیٹ تک بوتل سے پانی نکلنے جیسی آواز آئے- مریض بار بار ناک پکڑے-   سائنا 30 حسب ضرورت

☆ سینہ بلغم سے بھر اگر بلغم نہ نکلے زبان سفید-   اینٹی مونیم ٹارٹ 30 دن میں تین بار

ذہنی امراض

(Mental Diseases)

مرگی

(Epilepsy)

اس مرض میں مریض اچانک بے ہوش ہو جاتا ہے وہ جہاں

بھی ہو جیسی حالت میں بھی ہو گر پڑتا ہے منہ سے جھاگ
آنے لگتی ہے ہاتھ پاؤں اکڑ جاتے ہیں اور جبڑا بھنچ جاتا ہے۔

علامات	دوا
☆ احساس کمتری کی وجہ سے محبت میں دھوکہ 'خوف' غم کی وجہ سے۔	اگنیشیا 200 دن میں ایک بار
☆ جلدی امراض دب جانے کی وجہ سے معدے سے پہلے سینے اور پیٹ میں تناؤ۔ دورہ پڑنے پر زبان کٹ جاتی ہے سر ایک طرف جھک جاتا ہے پیشاب نکل جاتا ہے پانی پینے سے مرض میں اضافہ۔	کاسٹی کم 30 دن میں تین بار
☆ مرض کی لہر گھٹنوں سے یا انگلیوں اور انگوٹھوں سے اٹھے پھر پیٹ کے پچھلے حصے کی طرف جائے مریض اچانک دورہ پڑنے سے چیخ کے ساتھ گر جاتا ہے اور پھر سو جاتا ہے۔	کیوپرم میٹ 30 دن میں تین بار
☆ جب دورے نیند کے دوران آئیں مرض کی لہر ناف کے ارد گرد شروع ہو چاندنی رات کو دورے پڑیں۔	سلیشیاء IM پندرہ دن بعد ایک خوراک
☆ موٹے لوگوں میں خوف وغیرہ کی وجہ سے دورے جو چاندنی راتوں کے قریب آئیں پانی پینے سے مرض بڑھتا ہے۔	کیل کیریا کارب IM پندرہ دن بعد
☆ جلق لگانے سے یا سرعت انزال کی وجہ سے دورے پڑیں اور مریض بے ہوش ہو جائے۔	بیوفورانا 200 دن میں ایک بار

علامات	دوا
☆ جب دورہ صبح کے وقت پر دو تین ہفتے بعد پڑے۔	سیپیا200 ایک خوراک روزانہ
☆ بچوں میں کسی خاص مرض کے دب جانے سے اس کی ابتدا ہو۔	بیلاڈونا30 دن میں تین بار
☆ جب دورے اچانک اور جلدی جلدی آئے ہوں۔	آرٹی میشیا ولگیرس Q دن میں تین بار
☆ جب جسم اچانک اکڑ جائے اور اعضاء پھڑکنے لگیں اور اس کے بعد کافی کمزوری آئے جبڑے اکڑ جائیں۔	سائی کیوٹا×6 دن میں تین بار
☆ چڑچڑے اور تنگ مزاج مریض جو اکثر قبض میں مبتلا رہیں۔	نکس وامیکا30 دن میں تین بار

پاگل پن

(Insanity)

دماغ کی فطری کیفیت میں گڑبڑ پیدا ہو جانے کو پاگل پن کہتے ہیں. پاگل پن کے مرض کی علیحدہ علامات ہوتی ہیں مریض کبھی بہت بولنے لگتا ہے، کبھی گانے لگتا ہے، قسمیں کھاتا ہے مارتا ہے، کاٹتا ہے، کپڑے پھاڑتا ہے، دماغ میں کئی طرح

کے وہم پیدا ہوتے ہیں اسکی کئی وجوہات ہوتی ہیں زیادہ نشیلی اشیاء استعمال کرنا بہت زیادہ مباشرت یا غیر فطری انداز سے مباشرت 'انتہائی غم، ذہنی نشو ونما کی کمی اور بہت زیادہ محنت کرنا اس کے اسباب ہو سکتے ہیں. کیا آج پورا معاشرہ ہی ایسا نہیں نظر آرہا؟

☆ توڑ پھوڑ گالی گلوچ دوسروں پر تھوکنا' بولنے اور کام کرنے میں انتہائی تیزی-چہرہ سرخ-روشنی ناقابل برداشت-

بیلاڈونا 6× دن میں تین مرتبہ

☆ بے ہودہ حرکتیں کرنا' چلانا' ہنسنا' حاسد اور شکی مزاج ہونا-بکواس کرنا' ننگے ہونا' بہکی بہکی باتیں کرنا پوشیدہ اعضاء پر ہمیشہ ہاتھ رکھنا-

ہائیوسائمس 200 دن میں ایک بار

☆ چہرہ سرخ-بکواس کرنا-اونچا بولنا-گانے گانا گالی دینا-مارنا-منہ سے سیٹی بجانا-کپڑے پھاڑنا-اندھیرے سے ڈرنا چمکتی چیز کو دیکھ کر یا پانی کو دیکھ کر دورہ پڑنا-موت کا خوف ہر وقت رہنا جسم کا کوئی عضو بہت بڑھا ہوا محسوس ہونا-

سٹرامونیم 200 دن میں ایک بار

☆ جب وقت فاصلے اور مقام کا علم نہ رہے-بھول جانے کی تکلیف بھی ہو-مزے دار باتوں میں کھویا رہنا ہنسنا شروع کر دے تو ہنستا رہے-

کینابس انڈیکا 6× دن میں چار بار دیں

☆ خود کو ذہنی اور جسمانی طور پر بہت بڑا اور دوسروں کو

پلاٹینا 200 ایک

بہت چھوٹا سمجھے۔

خوراک تین دن کے وقفہ سے۔

☆ چہرہ زرد اور بے حد کمزوری باقی علامات سٹرامونیم جیسی چھیڑتے ہی ہکواس شروع کردے۔

ورے ٹرم ایلبم 30 دن میں تین بار

☆ اگر خودکشی کا بھوت سوار ہو۔

اورم میٹ IM کی دو تین خوراکیں دیں

☆ خود کو دولت مند، راجہ سمجھے، پھٹے پرانے کپڑے پہن کر بھی سوچے کہ بہت اعلیٰ کپڑے پہنے ہوئے ہیں۔

سلفر IM حسب ضرورت دیں

☆ خواتین میں ماہواری دبنے سے پاگل پن کی علامات پیدا ہوں۔

پلسٹیلا 200 کی تین چار خوراکیں دیں

☆ ناامیدی، غم، فکر اور خوف وغیرہ کی وجہ سے پیدا ہونے والا مرض۔

اگنیشیا 200 ایک خوراک روزانہ

☆ قسمیں کھانا، یوں محسوس ہو گویا کسی دوسرے کے رحم و کرم پر ہے۔

ایناکارڈیم 200 ایک خوراک روزانہ

☆ سر میں چوٹ لگنے کی وجہ سے مرض پیدا ہو۔ چھوٹے جانے کا خوف ہو۔

آرنیکا IM مناسب وقفہ سے دو تین

خوراکیں

☆ رنجیدہ، رنج اور غم کی وجہ سے تکلیف ہے- مریض تنہا رہنا چاہتا ہو تاکہ رو سکے تسلی دینے والے کو اچھا نہ سمجھے- — نیٹرم میور 200 کی ایک خوراک روزانہ

بے خوابی

(Insomnia)

ذہنی مشقت، بے چینی، خوف وغیرہ جیسی علامات کے ساتھ نیند نہ آنے کا مرض ہو جاتا ہے سر کی طرف دوران خون بڑھ جاتا ہے بعض دفعہ کوئی خاص وجہ معلوم ہی نہیں ہو پاتی اور بے خوابی کا مرض ہو جاتا ہے-

☆ خاص دوا- — پیسی فلورا Q 20 قطرے

☆ جب کسی خوش خبری کی وجہ سے نیند نہ آئے- — کافیا 200 دن میں تین بار

☆ جب خوف دہشت یا کسی بری خبر کی وجہ سے نیند نہ آئے- — جیلسی میم 30 دن میں تین بار

☆ کسی قریبی رشتہ دار کی موت کی وجہ سے نیند نہ آئے- — اگنیشیا 200 حسب ضرورت

☆ دماغ میں اجتماع خون کی وجہ سے۔

بیلاڈونا 30 دن میں تین چار بار

☆ خیالات کے تسلسل کی وجہ سے دماغ کو آرام نہ مل سکے۔

نکس وامیکا 30 دن میں تین بار

☆ ذرا سی آواز سے نیند ٹوٹ جائے اور پھر نہ آئے۔

سلفر 30 تین دفعہ روزانہ کھلائیں

☆ خصوصاً بوڑھوں کو جب دن کو تو نیند آئے رات کو نہ آئے۔

فاسفورس 30 دن میں تین بار

☆ تفکرات کی وجہ سے نیند نہ آئے۔

ایمبر اگریشیا 30 دن میں تین بار

☆ بایوکیمک ادویات میں سے

فیرم فاس 200 رات سوتے وقت ایک خوراک

ذہنی کمزوری

(Mental Weakness)

☆ بڑھتی عمر کے نوجوانوں کی ذہنی کمزوری کے لئے۔

ایسڈ فاس Q دس قطرے پانی میں ملا

کر دن میں دوبار

☆ جب تھوڑی سی دماغی محنت سے پریشانی بن جائے۔ پکرک ایسڈ 30

دن میں تین بار

☆ اگر محنت کرنے کو دل ہی نہ چاہے۔ فاسفورس 200

دن میں ایک بار

☆ مایوسی اور غم کی وجہ سے پیدا ہونے والا مرض۔ اگنیشیا 30

دن میں تین بار

☆ دماغی محنت کرنے والے، چڑچڑے مزاج کے مریض جنہیں اکثر قبض رہتا ہو۔ نکس وامیکا 30

دن میں تین بار

☆ بایوکیمک میں۔ فائیو فاس 6×

ہسٹریا

(Hysteria)

☆ جب خواتین کی ماہواری بند ہونے کی وجہ سے یہ مرض ہو۔ پلسٹیلا 30

دن میں تین بار

☆ ایسی خواتین جو دورے میں دوسروں کو نفرت کی نگاہ سے دیکھیں۔ پلاٹینا 200

دن میں دوبار

☆ جب خودکشی کی شدید خواہش ہو۔ اورم میٹ 200

علامات	دوا
	دن میں دوبار
☆ گیس کی وجہ سے پیٹ پھول جائے مروڑ اور جلن ہو۔	ایسافوئیٹڈا 30 دن میں تین بار
☆ ماہواری کے وقت دورہ پڑے مزید یہ شک ہو کہ کوئی زہر نہ کھلا دے۔	ہائیوسائمس 30 دن میں تین بار
☆ اگر قبض کے ساتھ گیس، ہچکی وغیرہ کی علامات ہوں۔	نکس وامیکا 30 دن میں تین بار
☆ دورے کے ساتھ نیند نہ آئے سر درد ایسا جیسے کوئی سر میں کیل ٹھونک رہا ہو۔	کافیا 30 دن میں تین بار

غصہ

(Anger)

علامات	دوا
☆ بچوں کا غصہ، گود میں اٹھانے سے خاموش ہو جانا دست اور کھانسی کے ساتھ۔	کیمومیلا 200 ایک خوراک روزانہ
☆ غصے یا بے عزتی کے برے اثرات۔	سٹافی سائی گیریا 200 ایک خوراک روزانہ
☆ دوسرے لوگوں کے رد عمل سے فکر مند ہونا۔	نکس وامیکا 30 تین

علامات	دوا
	بار روزانہ
☆ ایسے لوگ جو جھگڑنے پر آمادہ رہتے ہیں۔	لائیکوپوڈیم200 روز آنہ ایک بار
☆ بچوں میں پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے چڑچڑاپن۔	سائنا 200 دن میں دوبار کھلائیں
☆ موٹے افراد کا غصہ۔	کیل کیریا کارب IM حسب ضرورت
☆ تیز غصہ غصے کے وقت جو بھی قریب آئے اسے مار ڈالنے کی کوشش۔	آیوڈیم200 دن میں دوبار
☆ حمل کے دوران غصہ۔	نکس ماشکاٹا30 دن میں تین بار

سر چکرانا

(Vertigo)

علامات	دوا
☆ ایسے چکر گویا نشہ کیا ہوا ہے متلی ہو لیٹنے کے بعد اٹھتے بیٹھتے سر میں چکر آئے۔	کاکولس انڈیکا200 ایک بار روزانہ کھلائیں
☆ سر جھکانے یا چلنے پھرنے سے چکر آئے ایک کے بجائے	اورم میٹ200

علامات	دوا
دو نظر آئیں یا پھر آدھا نظر آئے مریض چلتے وقت بائیں جانب لڑکھڑا جائے۔	ایک خوراک روزانہ
☆ کونیم کی طرح ذرا سا سر ہلانے یا کروٹ بدلنے پر چکر آئے آنکھیں کھولنے سے مرض بڑھے اور ساتھ متلی آئے۔	تھری ڈیوین 30 دن میں تین بار کھلائیں۔
☆ تھوڑا سا سر ہلانے یا کروٹ بدلنے پر چکر آئے خون کی کمی بھی ہو غیر شادی شدہ افراد کے لئے خاص طور پر مفید۔	کونیم میک 30 دن میں تین مرتبہ دیں
☆ یوں لگے جیسے گھر کا دروازہ اور سبھی چیزیں گھوم رہی ہیں سر میں بے حد جلن۔	کیڈ میم 200 ایک بار روزانہ
☆ صبح بستر سے اٹھتے ہی سر میں چکر آئے یوں لگے گویا دماغ نرم ہو گیا ہے جس طرف سر گھمائے اسی طرف سر لڑھکتا سا لگے۔	امونیم کارب 200 ایک بار روزانہ
☆ ایسے سر چکرائے جیسے خالی ہو گیا ہے اور ہلکا محسوس ہو۔	مینسی نیلا 200 ایک خوراک روزانہ کھلائیں
☆ اونچی عمارت کو دیکھنے سے سر چکرائے ایسے لگے جیسا کہ سر بڑا ہو گیا ہے اور اس میں کچھ رینگ رہا ہے۔	آرجنٹم نائٹ 200 دن میں ایک بار

بخار

سادہ بخار

(Simple Fever)

☆ خشک سردی لگنے سے بخار، پیاس، بے چینی، موت کا خوف۔	ایکونائٹ ×6یا30 دن میں چار بار
☆ جب پسینہ اور پیاس بالکل نہ ہو غنودگی طاری رہے۔ پیشاب کرنے کے بعد مرض کم ہو چپ چاپ لیٹے رہنے کی خواہش۔	جیلسی میم 30 ہر دو تین گھنٹہ بعد
☆ آنکھیں اور چہرہ سرخ ہاتھ پاؤں ٹھنڈے تیز بخار کے دوران بچہ چونک اٹھے۔	بیلاڈونا30 دن میں چار بار
☆ چپ چاپ لیٹے رہنے کی خواہش حرکت سے مرض بڑھے مریض پانی دیر سے مگر زیادہ پیئے زبان سفید، سخت قبض۔	برائی اونیا30 دن میں چار بار دیں
☆ متلی اور قے سبز رنگ کے دست۔ پیاس کم۔ زبان صاف۔	اپی کاک30 دن میں تین بار
☆ بھیگنے کی وجہ سے بخار جسم میں درد، پتلے دست، زبان کا	رسٹاکس30 دن

اگلا حصہ سرخ، بے چینی حرکت سے آرام ہو۔	میں چار بار کھلائیں
☆ ٹھنڈا باسی کھانا کھانے یا خراب پانی پینے سے بخار بے چینی۔ خوف تھوڑا تھوڑا پانی جلدی جلدی پینے کی خواہش۔	آرسینک البم 30 دن میں چار بار کھلائیں
☆ زیادہ مرغن، ثقیل غذا یا گوشت وغیرہ کھانے سے ۔ پیاس نہ لگے۔	پلسٹیلا 30 دن میں چار بار
☆ چوٹ لگنے سے ۔گرنے سے یا زیادہ محنت کرنے سے جسم میں کچلے جانا جیسا درد۔	آرنیکا 200 دن میں تین بار
☆ مناسب نیند نہ آئے دیر ہضم کھانا کھانے کی وجہ سے پیٹ خراب ہو اور بخار ہو۔	نکس وامیکا 30 دن میں چار بار
☆ بائیوکیمک ادویات میں سے	فیرم فاس ×٦ ہر دو گھنٹے بعد

ٹائیفائیڈ بخار

(Typhoid Fever)

☆ بخار کے شروع میں جب مریض سکون چاہتا ہے حرکت کی خواہش بالکل نہیں ہوتی زبان سفید۔ ہونٹ خشک قبض اور پیاس زیادہ لگتی ہے۔	برائی اونیا ×٦ یا 30 دن میں چار بار کھلائیں
☆ بچوں کو ٹائیفائیڈ بخار کے شروع میں جب بہت کمزوری ہو	جیلسی میم 30 دن

سکتی ہو پلکیں بھاری اور آنکھیں کھولنا بچے کے لئے مشکل ہو۔ میں چار مرتبہ کھلائیں

علامات	دوا
☆ سر درد۔پاخانہ بے حد بدبودار' سانس میں بھی بدبو باتوں کا جواب دیتے دیتے سو جائے گریہ زاری اور افردگی بستر سخت معلوم ہو۔مریض کو یوں محسوس ہو کہ جسم کے اعضاء علیحدہ علیحدہ ہو چکے ہیں اور وہ انھیں جوڑنے کی کوشش کر رہا ہے۔	بیپ ٹیشیا Q دو تین قطرے دن میں چار مرتبہ پلائیں
☆ جسم میں درد گویا کسی نے خوب مارا ہو' پاخانہ' پیشاب انجانے میں نکل جاتا ہو۔بے ہوشی اور کمزوری۔	آرنیکا 30 دن میں چار بار
☆ مریض کو پتلے دست ،زبان سخت ہو اور زبان کی نوک سرخ ہو، جسم میں درد۔بے چینی۔ سستی مریض بڑبڑاتا رہے اور جسم کو گھماتا رہے۔	رسٹاکس 30 دن میں تین بار
☆ مرض کی بڑھی ہوئی حالت میں جب مریض بہت کمزور ہو جائے بے چینی' جسم میں جلن۔ تیز پیاس۔ تمام علامات رات کو بڑھ جائیں خصوصاً ایک بجے رات۔	آرسینک البم 30 دن میں تین بار

ہڈی توڑ بخار

(Dengue Fever)

علامات	دوا
☆ ہڈیوں میں شدید درد سردی لگے پیٹ اور ہاتھ پیروں	یوپے ٹوریم

میں درد۔ قے اور دست۔	پر ف30 دن میں تین بار
☆ پٹھوں میں شدید درد سستی۔ غنودگی۔ تنہائی میں چپ چاپ لیٹے رہنے کی خواہش۔ پیشاب کی حاجت ہونے سے مرض کم ہوتا ہے۔	جیلسی میم30 دن میں تین بار کھلائیں
☆ آنکھیں اور چہرہ سرخ تیز سر درد اور بخار۔ کمر درد۔	بیلاڈونا30 دن میں تین بار
☆ جسم درد۔ بے چینی حرکت سے آرام۔	رسٹاکس30 دن میں تین بار
☆ زیادہ پیاس جسم درد حرکت سے مرض بڑھتا ہے۔	برائی اونیا30 دن میں تین بار

خسرہ

(Measles)

☆ بطور حفظ ماتقدم۔	مار بلی لینم200 صرف تین خوراکیں
☆ پہلے مرحلے میں تیز بخار' بے چینی پیاس قبض بھاری اور تیز۔	ایکونائٹ30 دن میں تین بار
☆ جب دانے ٹھیک نہ نکلیں' اچانک بیٹھ جائیں جس سے	انیٹم ٹارٹ30 دن

علامات	دوا
سانس میں دقت ہو- گلے میں بلغم کی کھڑ کھڑاہٹ -زبان سفید-	میں تین بار
☆ جب دانے اچانک دب جائیں مریض خوب بڑبڑائے جسم میں ڈنگ مارنے جیسا درد-	اپس میلی فیکا 30 دن میں چار بار
☆ دانے اچانک غائب ہونے سے تیز بخار اور سردی- ناک اور آنکھوں سے مسلسل پانی گرے ناک میں زخم- آنکھیں اور منہ سرخ، سستی، غنودگی-	جیلسی میم 30 دن میں تین بار
☆ سردی لگنے سے ناک سے گاڑھا بلغم نکلے پیاس نہ لگے-	پلسٹیلا 30 دن میں چار بار
☆ بخار تیز ہو، گرمی سر کو چڑھے جسم اور پیشانی گرم، آنکھیں اور چہرہ سرخ-	بیلاڈونا ×6 یا 30 دن میں چار بار
☆ خشک کھانسی اور سینے میں درد پیاس زیادہ زبان پر سفید لیپ- دانے دیر سے نکلیں یا اچانک غائب ہو جائیں-	برائی اونیا 30 دن میں تین بار
☆ حرکت سے تکلیف بڑھے اچانک دانے دب جانے کی وجہ سے جسم برف جیسا ٹھنڈا مریض پھر بھی جسم پر کپڑا نہ ڈالے-	کیمفر Q یا ×6 حسب ضرورت دن میں کئی بار
☆ متلی اور قے سبز رنگ کے دست پیٹ میں اینٹھن، زبان صاف-	اپی کاک 30 دن میں تین بار
☆ خونی دست -ٹانسل، گلے میں زخم آنکھ میں جلن-	مرک سول 30 دن

سردی اور بار بار چھینکیں۔ منہ سے پانی آئے اور پھر بھی پیاس لگے۔ — میں تین بار

☆ بے چینی اور موت کا خوف تھوڑا تھوڑا پانی پینے کی خواہش۔ — آرسینک البم30 دن میں تین بار

☆ جب پھیپھڑوں تک مرض کا زور ہو بعد میں خشک کھانسی جو شام کے وقت اور بولتے وقت بڑھے۔ گلے میں کھڑکھڑاہٹ ٹھنڈے پانی کی خواہش۔ — فاسفورس30 دن میں چار بار

☆ بایوکیمک میں۔ — کالی میور ×٦ اور فیرم فاس ×٦ دن مین چار بار

پھیپھڑوں کا تپ دق

(Pulmonary Tuberculosis)

☆ خاص دوا۔ خشک کھانسی۔ خون آلود بلغم (مرض بڑھ جانے پر یہ دوا نہ دیں)۔ — فاسفورس30 دن میں تین بار

بطور حفظ ماتقدم — ٹیوبرکولینم IM کی دو تین خوراکیں صرف

☆ خشک کھانسی، بلغم خون آلود- صبح چمکیلا سرخ خون اور شام کو سیاہ جما ہوا خون- سینے میں ہمیشہ درد رہے-
ایکالفا انڈیکا Q یا × ۳ دن میں تین بار

☆ مرض کی ہر کیفیت میں یہ دوا مفید ہے بہت کمزوری- جسم دبلا ہو جائے تیز پیاس- ٹھنڈے پانی سے پیٹ میں بے چینی- مریض گرم پانی پینا چاہے-
لائیکوپوڈیم 30 دن میں تین بار

☆ بہت زیادہ خونی قے- خون آلود بلغمی کھانسی-
فائی کس ریلی جیوسا Q دن میں تین بار

☆ کھانستے وقت سینے اور کندھوں کے درمیان درد- کھانسی صبح زیادہ آتی ہو چلنے پھرنے سے بڑھتی ہو-
برائی اونیا 30 دن میں تین بار

☆ پھیپھڑا ٹھوس ہو جائے سینے میں بلغم کی کھڑ کھڑاہٹ' زرد بلغم کافی مقدار میں نکلے- رات کو تکلیف بڑھے-
ہیپر سلف 30 دن میں تین بار

☆ کھانسی کرتے وقت کھایا پیا نکل جائے ساتھ اینٹھن ہو-
ڈروسرا 30 دن میں تین بار

کھانسی کے ساتھ بہت زیادہ مقدار میں چمکدار خون نکلے- درد یا بے چینی نہ ہو-
ملی فولیم Q دن میں چار بار ش

☆ ذہنی بے چینی 'بدبودار پاخانہ انتہائی سستی اور کمزوری دبلا پن-
آرسینک البم 30 دن میں تین بار

☆ جسم کے غدود سخت ہو جائیں لیکن درد نہ کریں بھوک
آیوڈیم 30 دن میں

بہت زیادہ لگے مریض ہمیشہ کھاتا ہی رہے مگر پھر بھی دبلا پتلا تین بار ہوتا جائے۔

☆ معمولی سردی سے مریض پریشان پڑ جاتا ہے سیاہ رنگ کا میوکس آکو دپاخانہ مریض مایوس ہو چکا ہو۔ — سورائینم 200 دو تین خوراک

☆ جسمانی اور دماغی نشو و نما مکمل نہ ہوئی ہو سردی سے مرض بڑھے غدود میں سوجن ہو۔ — برائٹا کارب 30 دن میں تین بار

☆ بایوکیمک میں۔ — کیلکیریا فاس 6X

ملیریا بخار

(Malaria)

☆ بخار رات کو نو سے گیارہ بجے تک ہو سردی تھوڑی لگے گرمی کی حالت میں سر درد گویا سر پھٹ جائے گا۔ پیاس نہیں لگتی۔ گرم مشروبات سے سردی بڑھتی ہے مسلسل جی متلاتا ہے۔ قے آتی ہے۔ — اپی کاک 30 دن میں چار بار

☆ بخار صبح آٹھ بجے سے دوپہر تک رہتا ہو۔ اندر سے انتہائی سردی محسوس ہوتی ہے مریض ہر وقت کپڑا اوڑھے رکھتا ہو۔ سردی کی حالت میں ہونٹ اور ناخن تک نیلے پڑ جاتے ہیں صبح کے وقت جی متلاتا ہے۔ — نکس وامیکا 30 دن میں چار بار

☆ بخار میں سردی پیروں سے شروع ہو کر تمام جسم میں — چائنا 30 دن میں

پھیلتی ہے بخار آنے سے پہلے چکر آتے ہیں اور جی متلاتا ہے چھ بار
سردی لگنے سے قبل اور بعد میں پیاس لگتی ہے۔ کمزوری ہو
جاتی ہے جگر اور تلی بڑھ جاتے ہیں۔

☆ بخار صبح 9 بجے سے شام تک رہتا ہے مریض کا چہرہ چکنا اور نیٹرم میور 200 اور
نچلے ہونٹ میں دراڑ آجاتی ہے بخار کے وقت متلی اور قے IM حسب
آتی ہے۔ حرکت سے پسینہ آتا ہے سردی شدت اختیار کرتی ضرورت دیں
ہے۔ پیاس اور پسینہ بہت زیادہ۔ پسینہ آنے پر آرام ملتا ہے

دوسرے یا تیسرے دن آنے والا بخار۔

☆ دن بارہ بجے کے بعد یا رات بارہ بجے کے بعد بخار آتا ہے آرسینک البم 30
کپکپی۔ بخار۔ پسینہ میں بے قاعدگی۔ پیاس زیادہ بے چینی۔ دن میں چار بار
موت کا خوف۔ تھوڑی تھوڑی دیر میں تھوڑا تھوڑا پانی پینے
کی خواہش۔

☆ رات کو نو دس بجے آنے والے بخار میں سردی صبح کے سلفر 30 دن میں
وقت یا دن کو چار بجے کے قریب لگے کھلی ہوا میں رہنے کی تین بار
خواہش اگرچہ زیادہ گرمی اور زیادہ سردی دونوں ہی برداشت
نہیں ہوتیں ہفتہ وار بخار۔

☆ سردی پیروں یا ریڑھ کی ہڈی سے شروع ہو گردن کے جیلسی میم 30 دن
نچلے حصے میں درد ہو پیاس نہ لگے مریض سست ہو جائے۔ میں تین بار

☆ جب گرمی اور سردی زیادہ محسوس ہو زبان خشک ہو۔ رسٹاکس 30 دن

آنکھوں میں جلن ہو- زبان کا اگلا سرا سرخ ہو حرکت سے آرام آئے- | میں چار بار

☆ جب سردی اور گرمی کی حالت میں مریض بہت زیادہ بڑبڑائے-بخار اترتے وقت بہت پسینہ آئے سردی صبح چھ سے آٹھ بجے تک لگے- | پوڈوفائلم 30 دن میں تین بار

☆ گرمی اور پسینہ کی حالت میں نیند بہت آئے چہرہ زرد- | اینٹم ٹارٹ 30 دن میں تین بار

☆ سردی شام کو چار سے آٹھ بجے کے دوران لگے بعد میں پسینہ آئے سردی کی حالت میں بھی مریض کپڑا اوڑھنا پسند نہ کرے- | لائیکوپوڈیم 30 دن میں تین بار

☆ سردی دن کے دو تین بجے کے دوران لگے پیر ٹھنڈے-سر پر پسینہ زیادہ آئے- | کیل کیریا کارب 200 دن میں ایک خوراک روز آنہ

☆ سردی دن کے تین بجے لگی ہے مریض کپڑا نہ اوڑھ سکے-پسینہ کم آئے- | ایپس میلی فیکا 30 دن میں تین بار

☆ دن کے دو تین بجے بخار آئے ثقیل غذا کی وجہ سے بد ہضمی کی وجہ سے بخار ہو ٹھنڈی ہوا اچھی لگے پیاس نہ ہو- | پلسٹیلا 30 دن میں چار بار

☆ صرف سردی لگنے کی حالت میں پیاس لگے سردی کندھے کی ہڈیوں سے شروع ہو کر پورے جسم میں پھیل | کیپسی کم 30 دن میں چار بار

جائے گرمی کی حالت میں جسم میں جلن ہوتی ہو۔

علامات	دوا
☆ جب سردی اور گرمی کی حالت میں بہت جلد تبدیلی ہو بے چینی ہوتی ہو۔ پیاس لگتی ہو۔ پسینے سے کھٹی بو آتی ہو۔	مرک سول 30 دن میں تین بار
☆ سردی کی حالت میں جسم برف کی طرح ٹھنڈا ہو جاتا ہو پھر بھی مریض کو پنکھے کی ٹھنڈی ہوا اچھی لگتی ہے۔	کاربو ویج 30 دن میں چار بار
☆ بخار جب گھڑی کی سوئی کی طرح وقت مقررہ پر آئے۔	سیڈرون 30 دن میں تین بار
☆ سردی لگنے سے پہلے جسم گرم ہو سردی کی حالت میں رخسار سرخ ہو جائیں ہلنے جلنے سے تکلیف بڑھے پیاس زیادہ لگے۔	برائی اونیا 30 دن میں چار بار
☆ سردی اور گرمی باری باری لگے چکر آتے ہوں جسم باہر سے ٹھنڈا ہو اندرونی طور پر گرمی محسوس کرتا ہو ٹھنڈا پسینہ آئے۔	ویرے ٹرم ایلبم 30 دن میں چار بار
☆ سردی صبح چھ بجے سے آٹھ بجے کے دوران لگے ہڈیوں میں تیز درد۔ جی متلاتا ہو بخار کے وقت اور سردی لگنے سے پہلے بہت پیاس لگتی ہو۔	یوپے ٹوریئم پرف 30 دن میں چار بار
☆ سردی۔ بخار اور پسینہ باری باری آتا ہو۔ خون میں ملیریا کے جراثیم موجود ہوں۔	چائنا سلف X1 دن میں چار مرتبہ پلائیں

☆ جب ملیریا بخار پرانا ہو جائے اور بار بار آئے پسینہ کم آئے۔	ملیریا آف 200 ایک خوراک روزانہ
☆ سردی دن کے وقت دو سے چار بجے پیٹھ اور ٹانگوں سے شروع ہوتی ہے۔گرم پسینہ آتا ہے مریض بہت زیادہ بولتا ہے نیند میں اور نیند ٹوٹنے کے بعد طبیعت خراب ہو جاتی ہے	لیکس 30 دن میں تین مرتبہ
☆ جب سردی اور بخار صبح تین بجے سے شام کے تین بجے کے دوران آئے جسم کے ننگے حصوں پر پسینہ آئے۔	تھوجا IM دن تین خوراکیں مناسب وقفہ سے دیں
☆ سردی اکثر رات کو دس گیارہ بجے شروع ہو بخار صرف رات کے وقت ہی آئے۔	سفلینم 200 ایک خوراک روزانہ
☆ سردی اکثر شام سات بجے لگتی ہو سانس میں بدبو ہو نبض تیز ہو پسینہ آنے پر بھی بخار کم نہ ہو۔بے چینی ہو مریض بہت زیادہ بولے۔	پائیروجینم 200 ایک خوراک روزانہ
☆ سردی صبح یا شام کے پانچ بجے لگے بخار مرطوب مقامات پر یا پانی کے کنارے رہنے سے برسات کے موسم میں ہوتا ہو تربوز۔کیلا۔چاول۔مچھلی وغیرہ کھانے سے بخار ہو۔پیاس کم ہیں چار بار لگتی ہو اور پسینہ آتا ہو۔	نیٹرم سلف 30 دن

بالوں اور ناخنوں کے امراض

Diseases of Hair and Nails

بالوں کا گرنا

(Falling of Hair)

☆ بالوں کے گچھے جھڑتے ہوں۔ — فاسفورس 30 دن میں تین بار

☆ بال ٹوٹ کر گرتے ہوں۔ — تھوجا 200 ایک خوراک روزانہ

☆ تشویش اور ذہنی تھکاوٹ کی وجہ سے سر، بھووں، پلکوں اور پوشیدہ اعضاء کے بال جھڑتے ہوں۔ — ایسڈ فاس ×6 دن میں تین مرتبہ

☆ آتشک کی وجہ سے بال جھڑنا۔ — اسٹی لاگو ×3 اور فلورک ایسڈ ×6 باری باری دیں

☆ بالوں کے تیزی سے بڑھانے اور چمک لانے کے لئے۔ — وس بیڈن 30 دن میں تین مرتبہ

☆ دوران حمل بال جھڑنا۔ — نیٹرم میور ×6 دن میں چار مرتبہ

☆ بایوکیمک۔

☆ خون کی کمی کی وجہ سے بال گریں۔

☆ بیرونی استعمال کے لئے۔

☆ اگر سر پر بہت زیادہ پسینہ بالوں کے گرنے کی وجہ ہو تو۔

☆ شدید خارش کی وجہ سے بال گریں۔

☆ جب مونچھوں کے بال گریں۔

☆ جب داڑھی کے بال گریں۔

سیپیا200 کی ہفتہ وار ایک خوراک

کیل کیریا فاس 6x دن میں چار مرتبہ کھلائیں

فیرم فاس 6x دن میں چار بار کھلائیں

گرینیئم اور بریٹیانم مدر ٹنکچرز زیتون کے تیل میں ملا کر بالوں کو لگائیں

تھالیم 6x دن میں تین مرتبہ کھلائیں

ونکامائینر 3x دن میں تین بار کھلائیں

بیسی لینم200 ایک خوراک روزانہ

گریفائیٹس 3x

دن میں چار بار

☆ سر سے اتنے بال گریں کہ کھوپڑی ننگی ہو جائے۔

سیلینیئم 6x دن میں تین بار الیومنا 6x دن میں تین بار تھوڑے وقفہ سے کھلائیں

☆ جب دودھ پلانے کے دور میں بال گریں۔

لائیکوپوڈیم، سلفر اور کلکیریا کارب بہت مفید ہیں

بالوں کا جلد سفید ہونا

(premature Grey Hair)

☆ بال سفید ہونے کی خاص دوا۔

تھائے رائیڈن 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ بال جلد سفید ہو جائیں۔

لائیکوپوڈیم 200 ایسڈ فاس 200 باری باری ایک ہفتہ کے وقفہ سے

کھلائیں

☆ جب کوئی دوا فائدہ نہ کرے تو۔

پائیلو کارپس IM ایک ہفتہ کے وقفہ سے کئی ماہ تک کھلائیں

☆ جب بال تیزی سے سفید ہو رہے ہوں۔

ویس بیڈن 6× دن میں تین بار پلائیں

ناخنوں کے امراض

(Diseases of the Nails)

☆ ناخنوں کی جڑ کی جگہ پر سوجن اور پتھر کی طرح سختی۔

کیل کیریا فلور 6× دن میں چار بار

☆ ناخنوں سے گوشت کا جھڑنا اور پیپ وغیرہ پڑ جانا انگلیوں کے درمیان زخم بن جانا۔

ایو جینیا 30 دن میں چار بار

☆ ناخن موٹے اور سخت ہو جائیں کناروں سے جلد چھوٹ جائے آسانی سے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں اور جڑوں میں سوجن ہو۔

گریفائٹس 6× دن میں چار بار کھلائیں

☆ ناخنوں پر سفید رنگ کے داغ بن جائیں۔

نائٹرک ایسڈ 30 دن میں چار بار دیں

☆ پاؤں کی انگلیوں کے ناخن گوشت میں دھنس جائیں۔

☆ انگلیوں کے ناخنوں کے گرد چھالے بن جائیں۔

☆ ناخن پیلے پڑ جائیں۔

☆ ناخن زیادہ نرم ہو جائیں۔

☆ ناخنوں کے نیچے درد ہو۔

☆ دانتوں سے ناخن کاٹنے کی عادت ہو تو۔

سلیشیا 200 ایک خوراک روزانہ

سورائینم 200 ہفتہ وار ایک خوراک

اوگزالک ایسڈ 30 دن میں چار بار

ویلس بیڈن اور تھوجا میں دیکھیں

سیپیا 30 دن میں تین بار

آرم ٹرائی فائی لم IM کی چند خوراکیں پندرہ دن کے وقفہ سے دیں یا پھر امبرا 30، سینی کیولا 30 اور اموینیم برومیٹم 30 کا کمپاؤنڈ بنالیں

علامات	دوا
	دن میں تین بار کھلائیں
☆ ناخن بد شکل ہو جائیں۔	گریفائٹس ×6 دن میں تین بار
ناخنوں کی نشوونما میں کمی معلوم ہو جس سے ناخن بھر بھرے ہو جائیں اور ٹوٹنے لگیں تو۔	اینٹی مونیم کروڈم 30 دن میں چار بار کھلائیں
☆ ناخن زرد ہو جائیں۔	امونیم کارب 30 دن میں چار بار
☆ ناخنوں کے نیچے خون جمع ہو جائے۔	ایپس میلی فیکا 30 دن میں چار بار
☆ ناخن اندر کی طرف گھسے۔	لیکسس 30 دن میں چار بار

سر، آنکھ، کان اور ناک کے امراض

(Diseases of Head, Ear Nose and Eyes)

سر درد

☆ سر میں خون کا جماؤ، چہرہ تمتمایا ہوا۔ درد اچانک شروع ہو اور اچانک ہی ختم ہو جائے۔ — بیلاڈونا 30 دن میں چار بار کھلائیں

☆ سر میں بائیں طرف درد، روشنی اور شور ناقابل برداشت۔ — سپائی جیلیا 30 دن میں تین بار

☆ سر درد جو ذرا بھی حرکت سے بڑھے اور پیاس زیادہ ہو قبض بھی ہو۔ — برائی اونیا 30 دن میں چار مرتبہ

☆ دھوپ میں صبح گیارہ بجے سے سر درد زیادہ ہو۔ مریض کو نمک کھانے کی زیادہ خواہش ہو۔ — نیٹرم میور ×6 دن میں چار بار

☆ اسکول میں پڑھنے والے بچوں کا سر درد جب بچہ کمزور ہو۔ — کیل کیریا فاس ×6 دن میں چار بار

☆ سر یا پیشانی میں دائیں طرف درد۔ — سینگونیریا 30 دن میں تین بار

☆ سر میں درد لیٹنے سے آرام اور سردی سے بڑھے۔ — سلیشیا 30 دن میں

چار بار

☆ جب سر درد کے ساتھ کھٹی اور پیلے رنگ کی قے ہو۔ سخت قسم کا درد۔ | آئرس ورس 30 دن میں تین بار

☆ سر درد ہونے کے بعد صفراوی قے ہو اور درد کم ہو جائے۔ | چیونتھس Q پانچ قطرے دن میں تین بار پلائیں

☆ ایسا سر درد یوں لگے جیسے کوئی سر میں کیل ٹھونک رہا ہو۔ دھوئیں سے اور ذہنی کشیدگی سے مرض بڑھے۔ | اگنیشیا 30 دن میں تین بار

☆ مریض درد کے مارے بے ہوش ہو جائے پیٹ ٹھیک نہ رہتا ہو۔ سرد مزاج اور چڑچڑاپن ہو۔ | نکس وامیکا 30 دن میں تین مرتبہ

☆ غصے سے سر درد بڑھتا ہو۔ | کیمومیلا 30 دن میں تین بار

☆ جب سر درد گرمی سے شروع ہو مریض چپ چاپ لیٹا رہے۔ | جیلسی میم 30 دن میں تین مرتبہ

☆ دھوپ اور لو لگنے سے سر درد. چولہے کے قریب بیٹھنے سے یا سورج کی دھوپ میں درد بڑھے گرمی نا قابل برداشت ہو۔ | گلونائن 6× دن میں تین مرتبہ

☆ جسم سے بہت خون بہہ جانے یا انزال کی وجہ سے بے حد کمزوری اور سر درد۔ | چائنا 6× دن میں تین بار

پلسٹیلا 30 دن میں

☆ تیل گھی وغیرہ سے تیار کردہ ثقیل اشیاء کھانے کی وجہ سے سر درد' پیاس نہ ہونے کے برابر جب کہ گلا سوکھا رہے۔	تین بار
☆ سر درد محسوس ہو کہ سر پھٹ جائے گا۔	کاکولس 6x دن میں تین بار

آدھے سر کا درد

(Migraine)

☆ دھوپ لگنے۔ گیس یا بجلی کی روشنی میں کام کرنے سے درد بڑھے' سر میں انتہائی گرمی محسوس ہو مریض سر کو ننگا رکھے۔	گلونائن 30 دن میں تین بار
☆ حساس افراد کو اچانک خوشی یا غم کی وجہ سے شدید سر درد۔	کافیا 200 حسب ضرورت
☆ ذہنی کشیدگی سے سر درد جلدی جلدی اور تھوڑا تھوڑا پیشاب آئے۔	سکیوٹیلیریا Q بیس بیس قطرے گرم پانی میں ملا کر پلائیں
☆ سر درد خصوصاً بائیں جانب سونے سے بڑھے' قے آنے یا ماہواری آنے کے بعد تھوڑا آرام ملے۔	لیکس 200 ہفتہ وار ایک خوراک
☆ شدید حالت میں جب درد ناقابل برداشت ہو۔	ڈمیانہ Q حسب ضرورت؟

آنکھوں کے امراض

(Diseases of the eyes)

گوہانجنی

(Stye)

☆ باربار ہونے والی گوہانجنی۔	مرک سول 30 دن میں تین مرتبہ
☆ جب گوہانجنی اوپری پلک پر ہو۔	پلسٹیلا 30 دن میں چار مرتبہ
☆ جب پلسٹیلا کام نہ کرے۔	سٹافی سائی گیریا 30 دن میں تین بار
☆ جب سٹافی بھی کام نہ کرے۔	ہیپر سلف IM صرف دو تین خوراکیں مناسب وقفہ سے
☆ بائیوکیمک میں۔	کیل کیریا فلور 6x دن میں تین بار

☆ جب پپوٹوں پر گانٹھیں بن جائیں۔

تھوجا200 کی چند خوراکیں مناسب وقفہ سے

آنکھوں کی سوجن

(Conjunctivitis)

☆ ابتدا میں۔

ایکونائٹ30 بہت اچھا کام کرتی ہے دن میں تین مرتبہ

☆ جب آنکھوں میں سرخی اور جلن بڑھ جائے اور مریض کو روشنی اچھی نہ لگے۔

بیلاڈونا30 دن میں چار مرتبہ

☆ جب سیلان کافی مقدار میں اور گاڑھا ہو رات کو اضافہ ہو۔

مرک سال30 دن میں چار بار

☆ جب آنکھوں سے گاڑھا زرد مواد نکلے کھلی ٹھنڈی ہوا اچھی لگے۔

پلسٹیلا30 دن میں تین مرتبہ

☆ آنکھوں سے جلن پیدا کرنے والا پانی نکلے آنکھیں سرخ ہو ناک سے بھی پانی نکلے۔

یوفریشیا30 دن میں چار بار

☆ جب پلسٹیلا کام نہ کرے تو۔

آرجنٹم نائٹ30 دن میں تین بار

☆ بایوکیمک۔ فیرم فاس × 6 اور کالی میور × 6 دن میں چار بار

قریب کی نظر کمزور ہونا

(Myopia)

☆ قریب کی چیز دکھائی دے مگر دور کی واضح نظر نہ آئے۔ رات کا اندھاپن۔ فائی سوسٹگما × 3 دن میں تین بار

☆ آنکھوں میں گرمی اور جلن۔ پپوٹوں میں اینٹھن، آنکھوں پر معمولی دباؤ سے بھی سوزش۔ پائلوکارپس × 3 دن میں تین بار

رات کو بالکل نظر نہ آنا

(Night Blindness)

☆ ملیریا کے بعد یہ تکلیف بنے۔ چائنا 30 دن میں چار بار

☆ جگر کے امراض کے بعد لاحق ہو۔ نکس وامیکا 30 دن میں چار مرتبہ

☆ اچانک شدید درد کے ساتھ مریض کو رات کو نظر آنا بند ہو جاتا ہے۔ — لائیکوپوڈیم 30 دن میں تین بار

☆ غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک ٹھیک طور پر نہ دیکھ سکے۔ — فائی سوسٹگما ×3 دن میں چار مرتبہ

دن میں ٹھیک طرح نظر نہ آنا

(Day Blindness)

☆ دھندلی بینائی۔ آنکھ کے سامنے سیاہ نقطے منڈلاتے ہیں شام کے وقت مریض دیکھ سکتا ہے دن کے وقت آنکھوں کو ڈھک کر دیکھ سکتا ہے۔ اچانک بجلی گرنے سے بھی یہ مرض لاحق ہو سکتا ہے۔ — فاسفورس 200 ہفتہ میں ایک خوراک

☆ دن کو ٹھیک طرح نظر نہ آنے کی بہترین دوا۔ — بوتھراپس 30 دن میں تین مرتبہ

☆ سورج کی روشنی اچھی نہ لگے دن کے وقت تکلیف ہو آنکھ میں درد، چھوا نہیں جاتا۔ — سلیشیا 30 دن میں تین بار

موتیابند

(Cataract)

☆ ایسا محسوس ہو گویا آنکھ میں ریت پڑی ہوئی ہے۔ آنکھ کو دبانے پر درد محسوس ہوتا ہو۔ موتیابند کی خصوصی دوا۔

کاسٹی کم 30 دن میں تین مرتبہ

☆ دھندلا نظر آئے آنکھوں کے اوپر ہاتھ کا سایہ کرنے سے اچھی طرح نظر آئے روشنی کے چاروں طرف سبز رنگ کا چکر دکھائی دے۔

فاسفورس 200 کی ہفتہ وار ایک خوراک

☆ اگر جلدی امراض دب جائیں اور اسکی وجہ سے موتیابند ہو۔

سلفر IM مہینہ میں ایک بار

☆ آنکھ اور اس کے ارد گرد شدید درد۔ آنکھ کے سیاہ پردے کا ورم۔

مرک کار 200 ہر تیسرے دن ایک خوراک

☆ جب آنکھ کے سیاہ پردے میں پیپ بہنا شروع ہو جائے۔

ہیپر سلف 200 ایک خوراک روزانہ

☆ جب عام منتخب کی ہوئی ادویات ناکام ہو جائیں تو بطور عمل انگیز۔

ٹیوبر کولینم 200 ہفتہ میں ایک بار

☆ بایوکیمک میں۔

کیل کیریا فلور 6x دن میں تین بار

☆ آنکھوں کا لینز دھندلا ہونے کی وجہ سے موتیابند کی تکلیف ہو۔
نیٹرم میور ×6 دن میں تین بار

☆ جلدی امراض کے بعد دائیں آنکھ کا موتیابند۔
سیلیشیا ×6 دن میں چار بار

کان کے امراض

(Diseases of Ears)

کان میں درد

(Otalgia)

☆ جب اچانک سردی لگنے سے درد ہو۔
ایکونائٹ 30 ہر دو گھنٹے بعد

☆ ناقابل برداشت درد جو گرمی سے بڑھے۔
کیمومیلا 30 دن میں چار بار

☆ کان میں پھنسی ہو اور کان کا پردہ پھٹ گیا ہو کان سے مواد بہے جس سے کھٹی بدبو آئے۔
ہیپر سلف 200 ایک خوراک روز آنہ

☆ درد اچانک شروع ہو اور کان میں کیل گڑنے جیسا احساس ہو۔
بیلاڈونا 30 دن میں چار بار

کان بہنا

(Otorrhoea)

☆ جب مریض سردی سے حساس ہو دائمی مرض ہو۔ کان کا پردہ پھٹ جانے پر بھی فائدہ کرتی ہے۔

سلیشیا 30 دن میں تین بار

☆ کان سے بہنے والا مواد چپچپا ہو۔

کالی بائی کروم 30 دن میں تین بار

☆ جب سردی سے تکلیف بڑھے درد والی سمت لیٹا نہ جائے۔

ہیپر سلف 30 دن میں تین بار

☆ کان سے بدبودار مواد خارج ہو۔

سورائینم 200 سات دن بعد ایک خوراک

☆ گاڑھا زرد مواد مریض کو ٹھنڈی ہوا اچھی لگے۔

پلسٹیلا 30 دن میں تین بار

☆ بایوکیمک میں۔

کالی فاس 6x میگنیشیا فاس 6x نیٹرم فاس 6x نیٹرم سلف 6x کو ملا کر دن میں چار بار

بہرہ پن

(Deafness)

☆ بواسیر کے بعد ہونے والا مرض۔	نکس وامیکا30 دن میں تین بار
☆ بطور حفظ ماتقدم۔	ٹیوبر کولینم IM مہینہ میں ایک بار
☆ بیرونی مرہموں کے استعمال سے دبے ہوئے زخموں کی وجہ سے بہرہ پن ہو تو۔	سلفر 30 دن میں تین بار
☆ خسرہ کے بعد کان کی خشکی سے پیدا ہونے والا مرض۔	کاربو ویج 30 اور پلسٹیلا 30 حسب ضرورت
☆ چیچک کے بعد یا زکام بگڑنے کے بعد بہرہ پن۔	مرک سول 30 دن میں تین بار
☆ بایوکیمک۔	کالی میور 6× دن میں چار بار

کانوں میں آوازیں آنا

(Noise in the Ears)

علامات	دوا
☆ ایسا محسوس ہو گویا کان میں گھنٹیاں بج رہی ہیں طوفان میں ہوا چلنے جیسا شور۔	لیڈم 30 دن میں تین مرتبہ
☆ اپنی ہی آواز کان کے اندر باہر گونجے۔	لائیکوپوڈیم 30 دن میں تین بار
☆ ماہواری آنے سے پہلے کانوں میں شور سنائی دے۔	فیرم میٹ 3× دن میں تین بار
☆ روٹی کھاتے وقت کان میں شور سنائی دے۔	کالی سلف 6× دن میں تین بار
☆ ہر دھیمی آواز بھی گونج سنائی دے گاڑی یا مشین کے شور میں اچھا سنائی دے۔	گریفائیٹس 30 دن میں تین مرتبہ
☆ گانے کی یا ہنسی کی آواز آتی ہو۔	کالی آیوڈائیڈ 30 دن میں تین بار
☆ ایسا لگے گویا کان میں ریل گاڑی چل رہی ہو۔ چڑیوں کی چہکار سنائی دے رہی ہو۔	کالی میور 6× دن میں تین مرتبہ

کانوں میں میل جمع ہونا

(Wax in the Ears)

☆ جب میل غیر قدرتی طور پر کافی مقدار میں جمع ہو جائے۔	کاسٹی کم 30 دن میں تین بار
☆ جب میل سرخ رنگ کا ہو۔	کونیم 200 اور سورائینم 200 دیں
☆ زرد رنگ کی میل کے لئے۔	لیکسس 30 تین بار روزانہ
☆ جب میل سخت ہو۔	پلسٹیلا 30 دن میں تین بار
☆ کان صاف کرنے کے لئے رات کو۔	میولین آئل ڈالیں صبح کان صاف کریں

ناک کے امراض

(Diseases of the Nose)

نکسیر پھوٹنا

(Epistaxis)

